# زکوٰۃ نکالنے کیلئے مددگاری فارم

**ہر مسلمان مرد و عورت کے پاس نصاب یعنی $52\frac{1}{2}$ (ساڑھے باون تولہ) چاندی یا اس کی مالیت کے برابر قابل زکوٰۃ اثاثے ہوں تو زکوٰۃ اس پر واجب ہو جاتی ہے۔**

سب سے پہلے زکوٰۃ واجب ہونے کی قمری تاریخ کا تعین کرلیں۔ زکوٰۃ واجب ہونے کی قمری تاریخ ____________

اس تاریخ کو ملکیت میں موجود قابلِ زکوٰۃ اثاثوں کی مارکیٹ ریٹ کے مطابق مالیت کا تعین درج ذیل طریقے سے کیجئے۔

1. سونا، چاندی خواہ کسی بھی شکل میں اور کسی بھی مقصد کیلئے ہو، اسکی مالیت ____________ روپے
2. زمین، مکان وغیرہ جو فروخت کرنے کی نیت سے خریدا گیا ہے اور اُس کی نیت بھی برقرار ہو، اُسکی مالیت ____________ روپے
3. ہاتھ میں نقد رقم، بینک میں جمع شدہ رقم یا وہ رقم جو کسی کے پاس بطورِ امانت ہو، اسکی مالیت ____________ روپے
4. پرائز بانڈ، انشورنس میں جمع شدہ رقم ہر قسم کے بچت سرٹیفکیٹ مثلاً NIT یونٹس، NDFC، FEBC ڈیفینس سرٹیفکیٹ وغیرہ (جو کہ غیر شرعی اور سودی ہیں)، غیر ملکی کرنسی، کاروبار اور .L.C میں لگائی ہوئی رقم، خام مال، تیار مال، فروخت شدہ مال کی رقم، قابلِ وصول قرضہ، BC (کمیٹی) میں دی گئی رقم جب کہ ابھی BC نہ نکلی ہو، اگر BC نکل گئی ہو تو صرف BC کی اقساط میں دی گئی رقم کی زکوٰۃ ادا کی جائے گی وغیرہ۔

ان سب کا علیحدہ گوشوارہ بنا کر جمع کرلیں۔ ____________ روپے

**A** اُوپر لکھی گئی تمام رقوم کو جمع کرلیں [ ] روپے

اب وہ رقومات جو اوپر لکھی گئیں رقوم سے منہا کرنی ہیں (جن پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے)

قرض جو ادا کرنا ہے، مال جو اُدھار لیا گیا ہو، B.C یا کمیٹی میں رقم حاصل کرنے کے بعد بقیہ واجب الادا اقساط کی رقم، واجب الادا ٹیکس، کرایہ، یوٹیلیٹی بلز (اگر آچکے ہوں اور اُن کی ادائیگی اُس تاریخ تک لازم ہو چکی ہو)، ملازمین کی تنخواہ گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ کی وہ رقم جو ادا نہ کی گئی ہو وغیرہ۔

**B** ان سب کا علیحدہ گوشوارہ بنا کر جمع کرلیں [ ] روپے

اب آپ **A** میں سے **B** رقم کو منہا کرلیں۔ یہ رقم، قابلِ زکوٰۃ رقم ہے یعنی جس پر زکوٰۃ ادا کرنی ہے۔ [ ] روپے

قابلِ زکوٰۃ رقم پر ڈھائی فیصد کے حساب سے زکوٰۃ کی رقم نکالیں اور اسے جلد از جلد ادا کرنے کی کوشش کریں۔ (زکوٰۃ کی رقم پیشگی بھی ادا کی جاسکتی ہے)

زکوٰۃ کا مستحق: ہر وہ مسلمان جو سید یعنی ہاشمی نہ ہو اور اسکی ملکیت میں ساڑھے باون تولے چاندی یا اسکی مالیت کے بقدر سونا و نقد رقم اور دیگر اموال نہ ہوں۔

زکوٰۃ کی رقم اپنے اصول یعنی جن سے پیدا ہوا ہے، ماں، باپ، دادا، دادی، نانا، نانی، وغیرہ اور فروع یعنی اولاد پوتا، پوتی، نواسہ، نواسی، وغیرہ کو نہیں دی جاسکتی۔ اسی طرح بیوی شوہر کو، شوہر بیوی کو نہیں دے سکتا۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کیلئے ضروری ہے کہ زکوٰۃ کی نیت سے مستحق کو رقم وغیرہ کا مالک بنا دیا جائے۔ زبان سے کہنا ضروری نہیں۔

**زکوٰۃ کسی ادارے یا ٹرسٹ کو کہ جس پر آپکو مکمل اعتماد ہو، وکیل بنا کر بھی دی جاسکتی ہے۔**

اس فارم کی پشت پر ایک مثال ترتیب دی گئی ہے۔ جو آپ کو رہنمائی دے گی۔

# زکوٰۃ کا خود تشخیصی طریقہ کار

| قابلِ زکوٰۃ اثاثوں کی مالیت | فرضی رقم |
|---|---|
| 1- موجود سونا/چاندی | 500,000 |
| 2- بیچنے کی نیت سے لی گئی زمین/مکان | 3,000,000 |
| 3- نقد رقم | 40,000 |
| 4- بینک میں جمع شدہ رقم | 100,000 |
| 5- اُدھار دیے گئے نقد یا مال کی صورت میں | 100,000 |
| 6- غیر ملکی کرنسی کی صورت میں (آج کے ریٹ سے) | 10,000 |
| 7- پرائز بانڈ یا شیئرز کی صورت میں | 8,000 |
| 8- انشورنس/تکافل جتنی ادائیگی کی جاچکی ہے | 6,000 |
| 9- کسی کے پاس امانت رکھوائی ہوئی رقم | 100,000 |
| 10- B.C یا کمیٹی (اب تک دی گئیں اقساط جبکہ کمیٹی ابھی نہ ملی ہو) | 150,000 |
| 11- کاروبار میں شراکت (قابلِ زکوٰۃ اثاثوں کی مالیت) | 500,000 |
| 12- خام مال کی مالیت، فیکٹری یا دوکان میں | 200,000 |
| 13- تیار مال کا اسٹاک، فیکٹری یا دوکان میں | 600,000 |
| | 5,314,000 |

| وہ رقم جو قابلِ زکوٰۃ اثاثوں سے منہا کرنی ہے | فرضی رقم |
|---|---|
| اگر قرضہ لیا ہوا ہے (کسی بھی صورت میں) | 1,000,000 |
| B.C یا کمیٹی کی بقایا اقساط (جبکہ کمیٹی مل چکی ہے) | 50,000 |
| بل وغیرہ اگر سال پورا ہونے سے پہلے آچکے ہوں | 40,000 |
| ملازمین کی تنخواہیں | 65,000 |
| * گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ کی وہ رقم جو ادا نہ کی گئی ہو | 37,000 |
| | 1,192,000 |

| | |
|---|---|
| کُل رقم | 5,314,000 |
| منہا کی جانے والی رقم | (1,192,000) |
| قابلِ زکوٰۃ رقم | 4,122,000 |

**واجب الادا زکوٰۃ** 4,122,000 X 2.5% = **103,050**

(اوپر دیا ہوا گوشوارہ فرضی رقومات پر مبنی ہے)

* گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ صرف رواں برس کی زکوٰۃ کا شمار کرنے کیلئے گوشوارے سے منہا کی جائے گی، یہ زکوٰۃ بدستور واجب الادا ہے۔


آپ کا قابلِ اعتماد ادارہ

## عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل



ہیڈ آفس: عالمگیر مسجد، عالمگیر روڈ،
بہادر آباد، کراچی
فیکس : 021-34929343
رابطہ نہ ہونے کی صورت میں ڈائل کیجئے: 0333-3113117-8-9

UAN: 111-153-153
info@alamgirwelfaretrust.com.pk

کیپیٹل آفس: 307 سیکٹر G-10/1
سواں روڈ، اسلام آباد
فیکس : 051-2210773
رابطہ نہ ہونے کی صورت میں ڈائل کیجئے: 0333-5613686